بالی بہت پیاری بکری تھی۔ مانی اپنی بکری کا بہت خیال رکھتا تھا۔ اس کا رنگ سَفید اور سُرمئی تھا۔ بانو نے بھی طوطا پال رکھا تھا۔ طوطا سَب سے مِیٹھی مِیٹھی باتیں کرتا۔ اس کا رنگ سَبز تھا۔ بانو کو اپنے طوطے سے بہت پیار تھا۔



بالی بہت شَرارتی تھی۔ بچّے مٹّھو اور بالی کے ساتھ
خُوب کھیلتے تھے۔ بالی اور مٹّھو کی آپس میں بھی بہت
دوستی تھی۔ وہ دونوں خُوب شور مچاتے تھے۔ ہر وقت
ساتھ ساتھ رہتے تھے۔ مانی اور بانو اِسکول سے واپسی پر
اُن کا بہت خیال رکھتے۔

ایک دِن مٹّھو نے بہت شور مچایا، ”ٹیں، ٹیں، ٹیں۔“
اُس کا شور سُن کر بانو اور مانی دوڑے آئے۔ اُنھوں نے
دیکھا کہ بالی زمین پر پڑی درد سے کَراہ رہی تھی۔ بانو
اور مانی نے پریشانی سے ایک دُوسرے کی طرف دیکھا اور
سوچنے لگے کہ اب کیا کریں؟

ڈاکٹر نے بالی کو دیکھا اور بتایا کہ اِس کے پیٹ میں درد ہے۔ اِس نے ضرُور کوئی ایسی چیز کھائی ہے جو یہ ہضم نہیں کر سکی۔ ایک دَم مانی کی نَظر چارے پر پڑی۔ چارے میں پلاسِٹک کے تھیلوں کے ٹکڑے پڑے تھے۔ وہ سمجھ گیا کہ بالی کیوں بیمار ہوئی ہے؟

مانی نے ڈاکٹر سے پوچھا، ڈاکٹر صاحب !کیا پلاسِٹک کے تھیلے کھانے سے پیٹ میں درد ہو سکتا ہے؟ ڈاکٹر، جی ہاں، ایسا ہو سکتا ہے۔ شاید بالی نے چارے کے ساتھ پلاسِٹک کا تھیلا کھا لیا ہو۔ ڈاکٹر نے بالی کو دوا دی اور کہا، ہمارے ہاں پلاسِٹک کے تھیلوں کا استعمال زیادہ ہے۔

یہ تھیلے چارے میں شامل ہو جاتے ہیں۔ جانور اِنھیں کھا
کر بیمار ہو جاتے ہیں۔ یہ پوَدوں کو بھی نُقصان پہنچاتے
ہیں۔ یہ مٹّی میں پَودوں کو بڑھنے سے روکتے ہیں۔ امّی
نے کہا، ہم تو کھانے پینے کی چیزیں بھی اِن ہی میں خرید
کر لاتے ہیں۔

بانو نے کہا، ہماری زندگی میں اُن کا استعمال بہت زیادہ ہے۔ مانی بولا، ہمیں پلاسِٹک کے تھیلے استعمال نہیں کرنے چاہییں۔ بانو بولی، ہمیں کپڑے کے تھیلے اِستعمال کرنے چاہییں۔ امّی بولیں، یہ تھیلے استعمال کرنا آسان بھی ہے۔ اور یہ ہماری صحت کے لیے فائدہ مند بھی ہے۔

اہم سوال

آپ اپنے ماحول کا خیال کس طرح رکھتے ہیں؟

پڑھنے کی صلاحیتیں اور حکمت عملیاں

آواز: کثیر الرکنی الفاظ

ذخیرۂ الفاظ: سرمئی، خیال، سبز، واپسی، زمین، کراہ، ضرور، نظر، چارے، چیز، ہضم، استعمال، خرید، نقصان، فائدہ مند

قواعد/زبان دانی: فعل ماضی، حال، مستقبل

لیولڈ ریڈرز

پڑھنے کی صلاحیت کے لحاظ سے ایک کمرۂ جماعت میں طلبہ کے مختلف گروپ ہوتے ہیں۔ جیسے ابتدائی، درمیانے اور بہتر درجے کے قاری۔ طلبہ کے پڑھنے کی ان صلاحیتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اُن کے لیے مختلف لیولز کی کہانیاں لکھی گئی ہیں جنھیں "لیولڈ ریڈرز" کا نام دیا گیا ہے۔ ان لیولڈ ریڈرز میں دیے گئے متن کو بتدریج بڑھایا گیا ہے۔ لیولڈ ریڈرز کا بنیادی مقصد طلبہ کو پڑھنے میں خود مختار (Independent Reader) بنانا ہے۔ 24 ہفتوں کے لیے لیولڈ ریڈرز کے 8 سیٹ ہیں ہر ایک لیولڈ ریڈر کے سیٹ کے لیے تین ہفتے مخصوص کیے گئے ہیں۔ تمام لیولڈ ریڈرز کے پچھلے صفحے پر طلبہ کے لیے پڑھنے کی متعلقہ مہارتوں کی سرگرمیاں دی گئی ہیں۔

"اس تدریسی مواد کی طباعت کے دوران اسے ہر قسم کی غلطی سے مبرّا رکھنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ تاہم اگر دوران استعمال اس میں کہیں بھی کسی قسم کی کوئی خامی/غلطی نظر آئے تو برائے مہربانی آپ اس کے بارے میں فوری طور پر پاکستان ریڈنگ پراجیکٹ کے ضلعی یا صوبائی/علاقائی دفاتر کو آگاہ کریں۔ آپ کے تعاون کے لیے ہم آپ کے شکرگزار رہیں گے۔"

اساتذہ کے لیے ہدایات

ابتدائی 3 صفحات کے بعد درج ذیل تفہیمی سوالات

- مانی کی بکری کا نام اور اس کا رنگ بتائیں؟
- بانو اور مانی کو کیسے پتا چلا کہ بالی بیمار ہے؟

نصف کہانی کے بعد درج ذیل تفہیمی سوالات

- بالی کے بیمار ہونے کی وجہ کیا تھی؟
- "پیاری" اور "شور" کے ہم الفاظ بتائیں۔
- کہانی کے کرداروں نے کس طرح اِس مسئلے کو حل کیا؟

کہانی کے اختتام کے بعد درج ذیل تفہیمی سوالات

- کہانی کو اپنے الفاظ میں دہرائیں۔
- پلاسٹک کے بیگ کس طرح جانوروں اور انسانوں کے لیے نقصان دہ ہیں؟
- ہم اس کہانی سے کیا سبق سیکھ سکتے ہیں؟

www.pakreading.org

This publication is made possible by the support of the American people through the United States Agency for International Development (USAID). It is produced by the USAID-funded Pakistan Reading Project in collaboration with the provincial/Regional government. The contents are the sole responsibility of the project and do not necessarily reflect the views of USAID or the United States Government.

اس اشاعت کی فراہمی امریکی عوام کی مدد سے امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی کے توسط سے کی گئی ہے۔ یہ دستاویز یو ایس ایڈ پاکستان ریڈنگ پراجیکٹ نے صوبائی/علاقائی حکومتوں کے تعاون اور اشتراک سے تیار کی ہے۔ اس اشاعت کی ذمہ داری پاکستان ریڈنگ پراجیکٹ کی ہے اور ضروری نہیں کہ یہ یو ایس ایڈ یا امریکی حکومت کے نظریے کی عکاسی کرے۔